# امام جمعہ کے فرائض

## امام جمعہ کے فرائض

مسئلہ۷۷۷۔ واجب ہے کہ خطبوں کو امام جمعہ کھڑے ہوکر بیان کرے ( کوئی دوسرا فرد نہیں) اور اگر کھڑے ہوکر نہیں بیان کرسکتا توضروری ہے نماز جمعہ اور خطبے کوئی دوسرا شخص پڑھے۔

مسئلہ۷۷۸۔ واجب ہے کہ پہلے خطبے کے بعد اور دوسرے خطبے سے پہلے امام جمعہ تھوڑی دیر کے لئے بیٹھ جائے۔

مسئلہ۷۷۹۔ جمعہ کے خطیب کے لئے جائز نہیں ہے کہ خطبوں کو آہستہ پڑھے بلکہ احتیاط واجب کی بنا پر اتنی بلند آواز سے پڑھنا چاہئے کہ نماز جمعہ کے لئے ضروری افراد کی تعداد ( چار افراد) اس کو سن لے بلکہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ وعظ اور تقوی کی نصیحت کے دوران اپنی آواز کو حاضرین تک پہنچائے خواہ لاوڈسپیکر کے ذریعے ہی کیوں نہ ہو۔

مسئلہ۷۸۰۔ پہلے خطبے میں واجب ہے کہ خطیب اللہ کی حمد و ثناء کے بعد پیغمبراکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر درود بھیجے اور لوگوں کو تقوی کی نصیحت کرے اور قرآن کریم کا ایک مختصرسورہ پڑھے۔ دوسرے خطبے میں بھی حمد و ثناء الہی کے بعد پیغمبراکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر درود بھیجے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ دوسرے خطبے میں بھی لوگوں کو تقوی کی نصیحت کرے اور قرآن کا مختصر سورہ پڑھے اور احتیاط مستحب ہے کہ دوسرے خطبے میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بعد ائمہ معصومین علیہم السلام پر بھی درود بھیجے اور مومنین کے لئے مغفرت طلب کرے۔